بسم اللہ الرحمن الرحیم

استفتاء

۱) کیا فرماتے ہیں مفتیان کرام اس مسئلہ کے بارے میں کہ گانا بجانا اور سننا دف سارنگی کا جواز کہاں تک ہے؟

۲) اشعار کا پڑھنا اور سننا اس کا کیا حکم ہے؟

۳) آج کل کے زمانے میں دف کی کونسی قسم جائز ہے؟

۴) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے مدینے کی بچیوں نے جو دف بجایا تھا وہ کونسا تھا؟

جواب مدلل اور مفصل مطلوب ہے، جزاکم اللہ خیرا۔

مولانا شوکت حیات صاحب ۰۳۰۲۴۶۴۶۶۳۰

الجواب حامداً ومصلیاً

۱) واضح رہے کہ موجودہ دور میں گانا بجانا اور سننا ناجائز اور حرام ہے، البتہ دف سارنگی کے بارے میں فقہاء کرام نے صرف عید اور نکاح کے اعلان کے لیے بعض شرائط کے ساتھ گنجائش دی ہے، کہ بجانے والی عورتیں یا چھوٹی بچیاں ہوں، گانے کے اصول و قواعد کے مطابق نہ بجایا جائے، سادگی کے ساتھ بجایا جائے، تھوری دیر تک بجایا جائے، کسی ناجائز چیز کا ذریعہ نہ بنایا جائے، دف میں کوئی بجنے والی چیز مثلاً گھنٹی یا گھنگرو وغیرہ نہ ہو۔

اور عید اور نکاح کے علاوہ دف بجانا جائز نہیں، اور آج کل چونکہ گانا بجانا اور جہالت عام ہے اور مذکورہ شرائط کی رعایت بھی عام طور پر نہیں ہے اس لیے بہتر یہ ہے کہ اس کو اختیار نہ کیا جائے۔

قال اللہ تعالی

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَشْتَرِي لَهْوَ الْحَدِيثِ لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيلِ اللَّهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَيَتَّخِذَهَا هُزُوًا أُولَئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُهِينٌ(لقمان:٥)

وفی الادب المفرد(٢٧٤/١)

عن ابن عباس : ومن الناس من يشتري لهو الحديث قال الغناء وأشباهه

فی سنن ابی داود(٢٨٢/٣

عن شيخ شهد أبا وائل فى وليمة فجعلوا يلعبون يتلعبون يغنون فحل أبو وائل حبوته وقال سمعت عبد الله يقول سمعت رسول الله -صلى الله عليه وسلم- يقول « الغناء ينبت النفاق فى القلب ».

وفیہ ایضا(٢٨١/٤)

Scanned with CamScanner

عن نافع قال سمع ابن عمر مزمارا - قال - فوضع أصبعيه على أذنيه ونأى عن الطريق وقال لى يا نافع هل تسمع شيئا قال فقلت لا. قال فرفع أصبعيه من أذنيه وقال كنت مع النبى -صلى الله عليه وسلم- فسمع مثل هذا فصنع مثل هذا

وفى صحيح البخارى(١٧/٢)

عن عائشة رضي الله عنها قالت دخل أبو بكر وعندي جاريتان من جواري الأنصار تغنيان بما تقاولت الأنصار يوم بعاث قالت وليستا بمغنيتين فقال أبو بكر أمزامير الشيطان في بيت رسول الله وذلك في يوم عيد فقال رسول الله يا أبا بكر إن لكل قوم عيدا وهذا عيدنا

وفى سنن ابى داؤد(٢٨١/٤)

عن الربيع بنت معوذ بن عفراء قالت جاء رسول الله -صلى الله عليه وسلم- فدخل على صبيحة بنى بى فجلس على فراشى كمجلسك منى فجعلت جويريات يضربن بدف لهن ويندبن من قتل من آبائى يوم بدر إلى أن قالت إحداهن وفينا نبى يعلم ما فى غد. فقال « دعى هذه وقولى الذى كنت تقولين

وفى سنن الترمذى(٣٩٠/٣)

عن محمد بن حاطب الجمحي قال : قال رسول الله صلى الله عليه و سلم فصل ما بين الحرام والحلال الدف والصوت قال وفي الباب عن عائشة و جابر و الربيع بنت معوذ

قال أبو عيسى حديث محمد بن حاطب حديث حسن

وفى عمدة القارى(٢٩/١٣)

وأما الدف الذي يضرب في زماننا مع الصنجات والجلاجلات فمكروه بلا خلاف

وفى فتح البارى لابن رجب(٤٣١/٨)

وليس الغناء والدف المرخص فيها في معنى ما في غناء الأعاجم ودفوفها المصلصلة ، لأن غنائهم ودفوفهم تحرك الطباع وتهيجها إلى المحرمات

وفيه ايضا(٤٣٤/٨)

وإنما كان يضرب بالدفوف في عهد النبي (النساء ، أو من يشبه بهن من المخنثين ، وقد أمر النبي (بنفي المخنثين وإخراجهم من البيوت .

وفى البناية(٨٨/١٢)

روي في " فردوس الأخبار " عن جابر - رَضِيَ اللَّهُ تَعَالَى عَنْهُ - أنه قال: " احذروا الغناء، فإنه من قبل إبليس، وهو شرك عند الله، ولا يغني إلا الشيطان

وفى رد المحتار(٩/٣)

وروى الترمذي والنسائي عنه - صلى الله عليه وسلم - «فصل ما بين الحلال والحرام الدف والصوت» وقال الفقهاء: المراد بالدف ما لا جلاجل له.

وفيه ايضا(٤٨٢/٥)

(قوله ضرب الدف فيه) جواز ضرب الدف فيه خاص بالنساء (و) كره (كل لهو) لقوله - عليه الصلاة والسلام - «كل لهو المسلم حرام إلا ثلاثة ملاعبته أهله وتأديبه لفرسه ومناضلته بقوسه»

فى رد المحتار(٣٩٥/٦)

Scanned with CamScanner

(قوله وكره كل لهو) أي كل لعب وعبث فالثلاثة بمعنى واحد ..... واستماع ضرب الدف والمزمار وغير ذلك حرام وإن سمع بغتة يكون معذورا

وفيه ايضا(٣٩٥/٦)

لما في البحر عن المعراج بعد ذكره أنه مباح في النكاح وما في معناه من حادث سرور. قال: وهو مكروه للرجال على كل حال للتشبه بالنساء.

۲) اشعار پڑھنا اور سننا فی نفسہ جائز ہے، بشرطیکہ اشعار کے اندر کوئی جھوٹی بات یا مبالغہ آرائی یا کوئی اور قباحت نہ پائی جاتی ہو، اور غیر محرم کی صفات کا ذکر نہ ہو، اور اشعار کے اندر اتنا زیادہ مشغول نہ ہو کہ قرآن پڑھنے اور اور ذکر کرنے سے غافل رہے، اور اشعار کے اندر کسی کی ذم نہ ہو۔

فی سنن ابی داود(٣٠٤/٤)

عن ابن عباس قال (والشعراء يتبعهم الغاوون) فنسخ من ذلك واستثنى فقال (إلا الذين آمنوا وعملوا الصالحات وذكروا الله كثيرا).

وفی مشکاۃ المصابیح(١٣٥/٣)

وعن أبي بن كعب قال : قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : " إن من الشعر حكمة " . رواه البخاري

وفیہ ایضا(١٣٥/٣)

عائشة رضي الله عنها قالت : ذكر عند رسول الله صلى الله عليه وسلم الشعر فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم : " هو كلام فحسنه حسن وقبيحه قبيح " . رواه الدارقطني

وفیہ ایضا(١٣٥٥/٣)

وعن أبي سعيد الخدري قال : بينا نحن نسير مع رسول الله صلى الله عليه وسلم بالعرج إذ عرض شاعر ينشد . فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم : " خذوا الشيطان أو أمسكوا الشيطان لأن يمتلئ جوف رجل قيحا خير له من أن يمتلئ شعرا " . رواه مسلم

وفی مرقاۃ المفاتیح(٣٠٢٤/٧)

أي امنعوه من إنشاده ولعله لما رآه ينشد الشعر متعرضا غير ملتفت إليهم وميال بهم مستهترا بإنشاد الشعر عرف أن الغالب عليه هو فرض الشعر وأنه مسلوب الحياء معزول عن الأدب ولذلك أطلق عليه اسم الشيطان

وفی الھندیۃ(٣٥١/٥)

وإنشاد ما هو مباح من الأشعار لا بأس به وإذا كان في الشعر صفة المرأة إن كانت امرأة بعينها وهي حية يكره وإن كانت ميتة لا يكره وإن كانت امرأة مرسلة لا يكره وفي النوازل.

قراءة شعر الأديب إذا كان فيه ذكر الفسق والخمر والغلام يكره والاعتماد في الغلام على ما ذكرنا

وفیہ ایضا(٣٥١/٥)

Scanned with CamScanner

قيل إن معنى الكراهة في الشعر أن يشتغل الإنسان به فيشغله ذلك عن قراءة القرآن والذكر أما إذا لم يكن كذلك فلا بأس به إذا كان من قصده أن يستعين به على علم التفسير والحديث كذا في الظهيرية.

۲) دف لغت میں اس آلہ کو کہا جاتا ہے جس میں صرف ایک طرف سے جھلی وغیرہ چڑھی ہوئی ہوتی ہے، اور اس کو انگلیوں وغیرہ سے بجایا جاتا ہے، اور اس زمانہ میں وہ دف بجانے کی گنجائش ہے جو خالص ہو جس میں بجنے والی چیز گھنٹی اور گھنگرو وغیرہ نہ ہو، ورنہ اگر دف کے ساتھ گھنٹی یا گھنگرو یا دوسرا موسیقی کا آلہ استعمال کیا جائے تو یہ ناجائز ہو گا۔

فی رد المحتار(۹/۳)

» وروى الترمذي والنسائي عنه - صلى الله عليه وسلم - «فصل ما بين الحلال والحرام الدف والصوت» وقال الفقهاء: المراد بالدف ما لا جلاجل له.

وفی فتح الباری لابن رجب(٤٣٦/٨)

دف الأعراب الخالي من الجلاجل المصوتة ونحوها

وفی عمدة القاری(۱۳۵/۳۰)

والافصح بالدف ضم الدال وقد تفتح وهوالذى بوجه واحد

وفی الموسوعة الفقهية الكويتية(۱٦۹/۳۸)

- الدف في اللغة : هو الذي يلعب به (٢) ، وقد عرفه بعض الفقهاء بالطار أو الغربال وهو المغشى.
بجلد من جهة واحدة ، سمي بذلك لتدفيف الأصابع عليه

٤) آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے جو بچیوں نے دف بجایا تھا اس سے مراد وہی دف ہے جس کا ذکر جواب نمبر تین(۳) میں گزر چکا ہے۔

وفی فتح الباری لابن رجب(۳۲٦/۸)

ولا ريب أن العرب كان لهم غناء يتغنون به ، وكان لهم دفوف يضربون بها ، وكان غناؤهم بأشعار أهل الجاهلية من ذكر الحروب وندب من قتل فيها ، وكانت دفوفهم مثل الغرابيل ، ليس فيها جلاجل،

وفی ابن ماجة(۹/۳)

عن عائشة رضى الله عنها عن النبي صلى الله عليه و سلم قال (أعلنوا هذا النكاح واضربوا عليه بالغربال.. فقط والله اعلم بالصواب۔

محمد اسامہ

۱۸ دارالافتاء تعلیم القرآن راولپنڈی

جمادی الثانی ۱۴۳۹ھ

الجواب صحیح
رئیس محمد
دارالافتاء تعلیم القرآن راولپنڈی
۱۴۳۹/۷/۱۸ھ
مفتی
جامعہ تعلیم القرآن راجہ بازار راولپنڈی

الجواب صحیح
بندہ ضیاء الرحمن عفی عنہ
دارالافتاء تعلیم القرآن راولپنڈی
۱۴۳۹/۷/۱۸ھ
نائب مفتی
جامعہ تعلیم القرآن راجہ بازار راولپنڈی

دارالافتاء
۱۲۶۳
۷۸
جامعہ تعلیم القرآن راجہ بازار راولپنڈی پاکستان

Scanned with CamScanner